Islamic Crescent Observation for the UK
المراقبة الإسلامية للأهلة في المملكة المتحدة
*Reviving the Sunnah of Moon Sighting* - إحياء السنة النبوية في رؤية الهلال

# رمضان المبارک 1435ھ کا آغاز کب؟

مضمون نگار: قمر الدین، ترجمہ: مرزا نذیر بیگ

چاند کی زمین کے مدار میں ہونے والی گردش کی بنیاد پر ماہ رمضان المبارک، اسلامی کیلنڈر کا 9واں مہینہ ہوتا ہے۔ ہر اسلامی ماہ کا آغاز ہلال کے اولین مشاھدہ سے ہوتا ہے۔ یہ اولین مشاھدہ یا رویت ہلال ہر ماہ زمین کے مختلف خطوں میں ہوتا ہے اس لئے یہ ناممکن ہے کہ کسی ایک شہر یا ملک کو ہر ماہ ہلال کے اولین مشاہدہ کے لئے مختص کیا جا سکے۔

اس حقیقت کے باوجود (اسلامی رویت ہلال برطانیہ) ہر ماہ پابندی سے، اتباع سنت کے جذبے سے ہلال کے مشاھدہ کی کوشش کرتی ہے اور ساتھ ہی ساتھ برطانیہ اور مراکش (جو قریب ترین اسلامی ملک ہے) کے مشرق میں واقع ممالک سے معتبر اور تصدیق شدہ رویت ہلال کی اطلاعات بھی جمع کرتی ہے۔ یہ معلومات برطانیہ کے علماء کرام کو فراہم کی جاتی ہیں تاکہ وہ انسانی آنکھ سے کئے گے مشاھدہ (رویت ہلال) کی بنیاد پر شریعت کے عین مطابق ہر اسلامی ماہ کے آغاز کا فیصلہ کر سکیں

بروز جمعرات 29 رجب 1435ھ، بمطابق 29 مئی 2014 بعد غروب آفتاب برطانیہ کے طول و عرض میں کئی لوگوں نے شعبان کے چاند کو دیکھنے کی کوشش کی لیکن کہیں بھی چاند نظر نہیں آیا کیونکہ بیشتر جگہوں پر مطلع ابر آلود تھا۔ تاھم ھمیں مراکش کے وزارت اوقاف کی طرف سے محقق رویت بصری کی معتبر رپورٹ موصول ہوئی۔ اسلئے علماے برطانیہ نے بروز جمعہ بمطابق 30 مئی 2014 کو یکم شعبان ہونے کا اعلان کیا جو اتفاقاً سعودی عرب کے ام القری کیلینڈر سے بھی مطابقت رکھتا ہے۔
لھذا 29 شعبان 1435ھ جمعہ بمطابق 27 جون 2014 کو ہوگی، جب ہم اتباع سنت میں ہلال رمضان کو دیکھنے کی کوشش کریں گے۔ اگر رویت ہلال کی برطانیہ یا مراکش سے یا ان کے مشرق میں واقع ممالک (مثلاً جنوبی افریقہ) سے معتبر اطلاع مل جاتی ہے تو رمضان 1435ھ کا آغاز ہفتہ بمطابق 28 جون 2014 سے ہوگا ورنہ یکم رمضان دوسرے دن یعنی اتوار بمطابق 29 جون 2014 کو ہوگا۔

## رمضان 1435ھ کی پیش قیاسی:

سائنسی نقطہ نظر سے رمضان 1435ھ کے ہلال کو برطانیہ یا اسکے مشرق میں واقع کسی ملک سے جمعہ بمطابق 27 جون 2014 کو بعد غروب آفتاب دیکھنا ممکن نھیں ہوگا، لھذا ماہ شعبان 30 دن کا ہوگا۔ رمضان المبارک 1435ھ کے چاند کی پیدائش جمعہ بمطابق 27 جون 2014 کو صبح 08:08 بجے ہوگی اور لندن کے افق پر غروب آفتاب کے وقت اسکی عمر 20 گھنٹہ ہوگی اور یہ غروب آفتاب سے 20 منٹ پہلے ہی ڈوب چکا ہوگا، اسلئے اس چاند کو پورے برطانیہ میں کسی مقام پر بھی دیکھا نہ جا سکے گا۔
: مکۃ المکرمۃ میں یہی نومولود چاند جسکی عمر 8 گھنٹہ ہوگی، غروب آفتاب کے 1 منٹ بعد غروب ہوگا، تاہم اس کا

- افق سے از حد قریب ہونا (0.03 degree altitude)
- سورج سے قریب ہونا (6 degree elongation)
- چاند کی مرحلہ وار ہئیت اور ارتکاز نور کی قلیل مقدار (0.3٪ illuminated)

اسکے مشاھدہ کو ناممکن بنا دیتا ہے۔۔ مزید بر آں سعودی عرب کے اکثر حصّوں میں چاند غروب آفتاب سے قبل ہی غروب ہو جائے گا، جسکی وجہ سے اسے دیکھنا ممکن نہ ہوگا

نیچے دئے گے رمضان 1435ھ کے امکان رویت کے نقشہ سے یہ بات واضح ہے کہ برطانیہ یا مراکش کے مشرق میں واقع ممالک میں جمعہ بمطابق 27جون 2014 کی شام کو ہلال کے نظر آنے کا امکان نہیں ہے۔ اس نقشہ کے سرخ حصّے والے خطّوں میں چاند سورج سے پہلے غروب ہو جائے گا. پچھلے سالوں کے برخلاف اس برس جنوبی امریکہ میں بھی موسم اور مطلع صاف ہونے کے باوجود عام فلکیاتی دوربین کی مدد سے اسے دیکھا نہ جا سکے گا.

۔لھذا امکان قوی ہے کہ یکم رمضان 1435ھ برطانیہ میں انشاللہ بروز اتوار بمطابق 29جون 2014 کو ہو گی,(یعنی 28جون کو بعد غروب آفتاب سے).





Fig.1 Visibility Map for Ramadan 1435 AH

## سعودی عرب سے رپورٹ:

یہ بات عام طور سے معلوم ہے کہ سعودی عرب میں عام شہری اور انتظامی امور کیلیے ام القری کیلنڈر استعمال ہوتا ہے۔ام القری کیلنڈر میں یہ قاعدہ استعمال ہوتا ہے کہ اگر نئے چاند کی پیدائش کے بعد اسلامی مہینے کی 29 کو غروب آفتاب کے وقت اگر چاند سورج کے بعد غروب ہو تو اگلا دن اسلامی مہینے کا پہلا دن شمار ہوتا ہے۔

سعودی عرب میں پیر ۲۹ شعبان 1435ھ بمطابق جمعہ بمطابق 27جون 2014 کو مکہ میں 8 گھنٹہ پرانا چاند، غروب آفتاب کے 1 منٹ بعد غروب ہو گا لہٰذا ام القریٰ کلینڈر کے مطابق رمضان کا آغاز 28جون کو ہو گا. یہ بھی ملحوظ رکھیں کہ مشرق وسطہ اور سعودی عرب کے اکثر علاقے میں یہ 8 گھنٹے پرانا چاند سورج سے پہلے غروب ہو گا اسلئے اسکی رویت سعودی عرب اور مشرق وسطہ یا کسی اور ملک میں ممکن ہی نہیں.

اس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ ام القریٰ کلینڈر کا رویت ہلال سے کوئی تعلق نہیں ہے

ICOP (ای کوپ)

یہ ایک 400 ممبران پر مشتمل بین الاقوامی رویت ہلال کا ادارہ ہے اور اس میں سعودی عرب کے ممبران بھی شامل ہیں اور ہماری اطلاعات کے مطابق 2008 سے تقریبا 10 سعودی رویت ہلال کمیٹیاں ام القری کیلنڈر کی 29 تاریخ کا چاند دیکھنے کی کوشش کرتی ہیں اور انہیں فلکیاتی دوربین سے بھی چاند نظر نہیں آتا. ہمیں فراہم کی گئی معلومات کے مطابق یہ بے بنیاد چاند دیکھنے کی شہادتیں ریاض کے نواح، میں واقع شرقہ اور سدیر کے ہی علاقوں سے آتی ہیں اور عدالتیں ان کو قبول کرلیتیں ہیں. سعودی عدالتیں صرف رمضان عید اور حج کا ہی اعلان کرتی ہیں ورنہ سارا سال ام القری کیلنڈر پر ہی عمل ہوتا ہے۔

مصنف (قمر الدین) کے حالیہ دورہ سعودی عرب میں پتہ چلا کہ رویت ہلال کمیٹیوں کی ماہانہ کاوشوں کا مقصد رمضان اور عیدین کے علاوہ چاند کا اعلان کرنا نہیں، بلکہ سائنسی اعداد و شمار کو تحقیقی مقاصد کے لئے جمع کرنا ہے، جس سے مستقبل میں رویت ہلال اور فلکیاتی تحقیق کے لئے رصدگاہیں تعمیر کرنے کے لئے مناسب جگہوں کی نشاندہی میں مدد مل سکے۔. اسلیے اگر کوئی انفرادی یا اجتمائی طور پر رمضان اور عیدین کے علاوہ چاند کے سعودی طریقے پر چلے تو وہ تقویم ام القری کیلینڈر جس کی بنیاد نئے چاند کا سورج کے بعد غروب ہونے پر ہے اس پر چلے گا۔ اس بنیاد کو نئے چاند کی تھیوری بھی کہتے ہیں کیونکہ اس کی بنیاد رویت ھلال پر نھیں.

سعودی عدالتوں کو ہمارہ مخلصانہ مشورہ ہوگا کہ جمعہ بمطابق 27 جون 2014 کو اگر ایک یا دو شہادتیں وصول ہوں تو انہیں مسترد کردیا جائے۔ہاں اگر اتنی زیادہ شہادتیں ہوں کہ جن کا مسترد کرنا انکی اکثریت کہ وجہ سے ممکن ہی نہ ہو (جسے فقہ کی کتابوں میں جم غفیر کی شہادتیں کہا جاتا ہے) تو اور بات ہے۔ جم غفیر کی شرط کو اپنانے سے بے بنیاد ایک دو شہادتوں کی وجہ سے ہونے والی غلطی سے لاکھوں لوگ بچ سکیں گے. اگر ام القریٰ کلینڈر کی بنیاد کو تبدیل کرکے امکان رویت پر ترتیب دیا جائے تو غلطی کے امکان کو کم ترین سطح پر لایا جا سکتا ہے

## دوسرے ممالک سے: رپورٹ





Fig.2 Visibility Map for Shawwal 1435 AH (Eid-ul Fitr)

۔اگر سعودی اور برطانیہ کے قریب ترین ممالک کی شہادتیں میں فرق ہوا تو بدقسمتی سے برطانیہ میں مقیم مسلمانوں میں اختلاف ہو گا کیونکہ برطانیہ کی بڑی مساجد مثلا رِیجنٹ پارک اور ایسٹ لندن وغیرہ باقایدگی سے سعودی رویت پر عمل کرتی ہیں۔ اسی طرح عید الفطر کا حال نظر آ رہا ہے کہ بروز اتوار بمطابق 27 جولائی 2014 کو کیونکہ چاند سورج کے بعد غروب ہوگا اسلیے بدقسمتی سے سعودی عرب میں عید بروز پیر بمطابق 28 جولائی 2014 اور باقی ممالک میں بروز منگل بمطابق 29 جولائی 2014 کو ہوسکتی ہے۔ یہ صورتحال اس وقت تک نہ بدلے گی جب تک علماء کا اتحاد نہ ہو۔

ای میل اور ایس ایم ایس سے رپورٹ: www.moonsighting.org.uk

محقق رویت بصری کی معتبر رپورٹوں کیلئے (ICOUK) کی ویب سائٹ کو جوائن کریں۔ اللہ ہمیں اتباع سنت کے جذبے سے ہلال کے مشاھدہ کی کوششوں اور جذباتی اختلافات سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے.

t: +447831534701 (SMS), f: +441904352221, e: info@moonsighting.org.uk, w: www.moonsighting.org.uk